© rasailojaraid.com

طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات ان کی

ساغر اقبالی

- چونگی امر سدھو سیانوالہ قبرستان میں نقاب پوش پولیس والے ایک اور نعش دفن کر گئے۔ (ایک خبر)

پولیس کی مہربانی ہے کہ لاش دفن کر گئے۔ ورنہ تو زندہ دفن کرتے ہیں۔

- لاہور میں ایف اے، بی اے پاس خاکروب بن گئے۔ (ایک خبر)

اللہ کا شکر ادا کریں کہ خاکروب ہی بن گئے۔

- میٹر ریڈر گھر بیٹھ کر بل بناتے ہیں (وزیر بجلی راجہ نادر پرویز)

کہ ماہانہ دینے والوں کی لسٹ گھر میں ہوتی ہے۔

- پیپلز پارٹی میں بے نظیر کے سوا وزیر اعظم بننے کا کوئی اہل نہیں (شاہ محمود)

باقی سب خواجہ سرا ہیں۔

- مربہ نہ ملنے سے زرداری کے گھوڑے بیمار ہو گئے۔ (ایک خبر)

اب اپنے خرچ پہ تو انہیں مربہ نہیں کھلایا جاسکتا!

- غنڈوں کی گردن توڑ دی جائے گی۔ (نواز شریف)

جب عوام کی گردن ٹوٹ جائے گی۔

- قاضی اور فضل الرحمن کو بھائی سمجھتی ہوں۔ (مسرت شاہین)

وہ بھی آپ کو "بائی" سمجھتے ہیں۔

- نمازیں پڑھ کر گولڈن جوبلی مناؤں گا۔ (زرداری)

دیا دکھ بتوں نے تو خدا یاد آیا۔

- آٹے کی قیمت کسی صورت نہیں بڑھانے دیں گے۔ (شہباز شریف)

گندم کی قیمت ہر صورت بڑھتی رہے گی۔

- لوگ پوچھتے ہیں آخر کس چیز کی گولڈن جوبلی منائی جائے (بی بی سی)

فحاشی، عریانی، بدمعاشی، عیاشی، پریشانی، مہنگائی اور دہشت گردی کی۔

- آلو منگوانے پر احتجاج کرنے والے بھارت سے تجارت کر رہے ہیں۔ (اعجاز الحق)

حالانکہ دو قومی نظریہ میں ہندوؤں کے آلو الگ ہیں اور مسلمانوں کے آلو الگ۔

- چیئرمین ملتان بورڈ سرکاری ریسٹ ہاؤس کا سامان اپنے گھر لے گئے۔ (ایک خبر)

سرکاری آدمی کو سرکاری سامان ذاتی طور پر استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ (چیئرمین کی وضاحت)

- انگریزی جریدے کی گستاخی، قائد اعظم اور ریما ایک ہی صف میں (ایک خبر)

کہ جمہوریت میں سب کے ووٹ برابر ہیں۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

- ضیاء الحق کی برسی سے میرا کیا تعلق؟ (قاضی حسین احمد)

میاں طفیل محمد تو ضیاء الحق کو خلیفہ راشد کہتے تھے۔

- (ملتان) ڈیوٹی بتاتے ہو؟ ٹریفک کانسٹیبلوں کا شہری پر تشدد (ایک خبر)

پولیس تو یہی خدمت کر سکتی ہے۔

- اب مردوں کی بھی فیملی پلاننگ کرنا ہو گی۔ (عابدہ حسین)

پہلے فرا امام کی نس بندی کی جائے (علماء کا بیان)

- لوگ سوچنے لگے ہیں ملک کیوں بنا؟ (مرغوب کھیترانی)

منٹو کا افسانہ "ٹوبہ ٹیک سنگھ" پڑھیں۔

- پیر بارات لے کر گیا۔ مرید کے ساتھ مل کر لوگوں نے اس کی داڑھی صاف کر دی (ایک خبر)

کہ ایک چہرے پر کئی چہرے سجا لیتے ہیں۔

- شام کی بیٹی غنویٰ بھٹو کی فکر کریں۔ (بے نظیر کو حافظ الاسد کا پیغام)

"مشرق کی بیٹی" جائیداد بھٹو کا ذکر کرے!

- وعدہ معاف گواہ بننے والے دوستوں پر افسوس ہے۔ (آصف زرداری)

مصیبت میں سایہ بھی ساتھ چھوڑ دیتا ہے۔

- ہم نے پچاس سال میں قوم کو سیاست دانوں اور پولیس کی شکل میں چور اور ڈاکو دیئے (اعجاز جنجوعہ)

گولڈن جوبلی! زندہ باد!

- کنار یس میں گرفتار، بیس جواریوں کا ریمانڈ (ایک خبر)

اور گھوڑ دوڑ کے بڑے بڑے جواری آزاد!

- الحمد اللہ تہجد گزار ہوں۔ (مسرت شاہین)

صدر مملکت بھی ماشاء اللہ تہجد گزار ہیں۔

- ڈاکو سر عام پھر رہے ہیں۔ شریف آدمیوں سے پولیس نے تھانے اور جیلیں بھر رکھی ہیں۔ (شہباز شریف)

"شریف برادرز" کی حکومت ہے نا!

سیدنا معاویہ پر اعتراضات کا علمی تجزیہ

پروفیسر قاضی محمد طاہر الہاشمی (قیمت -/200 روپے)

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
فون 511961



© rasailojaraid.com